قراردادِ مذمّت

حرمین شریفین کے اماموں کے حالیہ دورۂ پاکستان سے فی الواقع نہایت خوشگوار اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ دونوں اماموں نے حفظہما اللہ تعالیٰ۔ واپس آکر وطنِ عزیز کے متعلق انتہائی اچھے جذبات کا اظہار کیا اور ان شاء اللہ یہ دورے پاک سعودی روابط کے ضمن میں خصوصاً اور اتحادِ عالمِ اسلامی کے سلسلے میں عموماً دور رس نتائج کے حامل ہوں گے۔ لیکن ارضِ پاک سے موصولہ ایک خبر کے مطابق ملک کے بعض تنگ نظر اور ناعاقبت اندیش عناصر نے ان مقدس و معزز مہمانوں کے بارے میں یہ ہتک آمیز "فتویٰ" جاری کیا ہے کہ ان کی اقتداء میں نماز ناجائز ہے اور جن لوگوں نے ان کے پیچھے نماز پڑھی ہے ان پر اعادہ واجب ہے۔

مدینہ یونیورسٹی۔ مدینہ منورہ میں زیرِ تعلیم پاکستانی طلباء اس متعصبانہ دریدہ دہنی کی شدید مذمت کرتے ہوئے حکومت پاکستان سے یہ پُرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ ایسے فتنہ پرور عناصر اور ان کی پشت پر کارفرما عوامل کا فوراً اور سختی کے ساتھ محاسبہ کیا جائے۔ کیونکہ یہ صرف ان مکرم مہمانوں کی توہین اور کروڑوں مسلمانوں کے جذبات کو، جو حرمین میں ان کے پیچھے نمازیں ادا کرتے ہیں، مجروح کرنے کی مذموم کوشش ہی نہیں ہے بلکہ اس سے سعودی حکومت اور پاکستان کے دیرینہ برادرانہ تعلقات پر بھی نہایت بُرا اثر پڑ سکتا ہے۔

ایک دوسری اطلاع کے مطابق ایسے ہی بعض نام نہاد مفتیوں نے شاہ اسمٰعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "تقویۃ الایمان" کو ضبط کرنے کا مطالبہ بھی کیا ہے۔ امام الہند شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے خاندان کے چشم و چراغ اور تحریک جہادِ آزادی کے اوّلین علمبردار شاہ شہیدؒ کی یہ مختصر کتاب توحید اور اتباعِ سنت کے موضوع پر آیاتِ قرآنیہ اور احادیثِ نبویہ کا مجموعہ ہے اور اس کی ضبطی کا مطالبہ صرف مذہبی عصبیت نیز شاہ صاحبؒ کی علمی، دینی اور سیاسی خدمات سے جہالت کا نتیجہ ہے۔ ہم حکومتِ پاکستان سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ ایسے متعصب اور شر انگیز عناصر کی ان مذموم کوششوں کو فوراً روکا جائے جو مسلمانانِ پاکستان کے درمیان فرقہ وارانہ تعصبات کو ہوا دے کر ان کے اتحاد کو پارہ پارہ کر دینا چاہتے ہیں۔

(دستخط کنندگان) طلبائے مدینہ یونیورسٹی۔ مدینہ منورہ

محمود احمد میرپوری (شریعت کالج)	ثناء اللہ بلتستانی (معہد ثانوی)	یوسف لیعقوب (زبان و ادب کالج)
عبدالمجید اصلاحی (شعبہ عربی زبان)	قاسم بن عاصم (شعبہ عربی زبان)	مسعود عالم (شریعت کالج)
محمد یونس صدیقی (دعوت کالج)	محمد مدنی (دعوت کالج)	محمد عثمان (دعوت کالج)
عبدالمجید ازہر (شریعت کالج)	محمد الیاس (شعبہ عربی زبان)	خالد حیات محمود (قرآن کالج)
عبدالرشید عبدالکریم (شریعت کالج)	عبدالشکور (شریعت کالج)	محمد اسمٰعیل سواتی (دعوت کالج)
محمد علی جوہر (معہد ثانوی)	عبدالرشید (شعبہ عربی زبان)	محمد اشرف (شریعت کالج)
محمد لقمان سلفی (معہد ثانوی)	محمد الیاس بلوچ	حمید اللہ محمد نور

عبدالجلیل	عبدالواحد قاسم	عبدالرحمٰن	عبدالحکیم
عبدالستار بلوچ	عبدالستار حماد	محمد انس	عبدالکریم اظہر
محمد داؤد	عبدالغفار عالم شیر	عبدالغفور الٰہی بخش	عبدالرحمٰن
ڈاکٹر محمد اسحاق	عبدالظاہر شریف	محمد ادریس سلفی	عبدالرشید محمد دین
غلام مصطفٰی	محمد انور	علی محمد حنیف سلفی	عبدالغفور عباسی
حبیب الرحمٰن خلیق	احمد انصاری خراسانی	محمد اسحاق	عزیز الدین عثمان
محبوب	عبدالسمیع عبدالغفور	رفیق احمد مفتی رشید احمد	شفیق احمد مفتی رشید احمد
خلیق احمد مفتی رشید احمد	عبید اللہ	خالد محمود	محمد اسلم
عطا محمد	عبدالقدوس آصف	عبداللہ	محمد اکبر محمد حسین
محمد احمد سندھی	محمد اسحٰق بلوچ	سہیل حسن	راغب حسن
ضیاء اختر سعید	زبیر احمد	لیاقت علی	حفیظ الرحمان
شہاب الدین	محمد شریف	قاری محمد یسین منور	حمید اللہ عبدالقادر
سید محمد فاروق	حافظ محمد اسلم	عبدالسمیع	عبدالحمید مظاہری
محمد اسلم صدیقی	عبدالغفور الحاج عبید الحق		شیر محمد
محمد صدیق الحسن	عبدالعزیز بن محمد	محمد اسمٰعیل۔	

خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔